© rasailojaraid.com



میں پڑھے جاسکنے والے متعین موضوعات پر ایک نصاب کے تحت ۵۲ دروس قرآن جن سے قرآن کی تعلیمات کی ایک جامع تصویر سامنے آجاتی ہے۔ مفصل مقدمہ از قاضی حسین احمد۔ تعلیمی اداروں اور تحریکی حلقوں میں استعمال کرنے کے لیے سید طاہر رسول قادری کی محنت و کاوش، معیاری پیش کش۔ پہلے بھی شائع ہوچکی ہے۔ یہ جنوری ۲۰۰۷ء کا اڈیشن ہے۔]

☆ الفرقان، سورۃ البقرہ، ترتیب و تدوین: شیخ عمر فاروق۔ مقامِ اشاعت: ۱۵-بی، وحدت کالونی، لاہور۔ فون: ۷۵۸۵۹۶۰-۰۴۲، صفحات: ۸۱۶ (اڈیشن، نومبر ۲۰۰۶ء)۔ قیمت: وقف لِلّٰہ۔ [قرآن فہمی کی ایک قابلِ قدر کوشش ہے۔ ہر آیت کی تفسیر میں اہم الفاظ کے معانی بیان کرنے کے بعد کسی متداول تفسیر سے استفادہ کیا گیا ہے۔ خوب صورت پیش کش، صحت کا اہتمام۔ بطور ہدیہ حاصل کرنے کے لیے رابطہ کر کے تفصیل معلوم کریں۔]

☆ اقبال ریویو، پروفیسر سید سراج الدین نمبر۔ ناشر: اقبال اکیڈیمی، گلشن خلیل، ۱/۷-۵-۱۰، تالاب ماں صاحبہ، حیدرآباد-۵۰۰۰۲۸، آندھرا پردیش، بھارت۔ صفحات: ۱۴۴۔ قیمت: ۵۰ روپے۔ [پروفیسر سید سراج الدین عمر (بنیادی طور پر انگریزی کے استاد) اقبال اکیڈیمی، حیدرآباد کے صدر، اُردو، فارسی، انگریزی ادب کے ماہر، فرانسیسی، اطالوی اور جرمن زبانوں سے آشنا، ماہر اقبالیات (کلامِ اقبال کے مترجم اور نقاد) نام و نمود سے بے نیاز، انکسار پسند شخصیت، م: ۱۵ جولائی ۲۰۰۶ء ــــ ان کی یاد میں دوستوں، مداحوں اور عقیدت مندوں کے مضامین و تاثرات پر مشتمل خاص نمبر۔]


## سالانہ خریدار بنیے

ماہ فروری میں توسیع اشاعت کی ایک مہم میں ۱۵ ہزار پرچے نئے قارئین کو دیے گئے۔ یقین ہے کہ بیش تر نے پسند کیا ہوگا اور وہ اس کا باقاعدگی سے مطالعہ چاہتے ہوں گے۔

یہ حضرات و خواتین اور دوسرے خواہش مند رسالے میں لگے ہوئے کارڈ پر پتا ارسال کر کے سالانہ یا پانچ سالہ خریدار بنیں (اور ۵۰ یا ۵۰۰ روپے کی رعایت حاصل کریں)۔

حسن البنا شہید پر ۴۰۰ صفحات کا خاص نمبر سالانہ خریداروں کو کسی اضافی ادائیگی کے بغیر فراہم کیا جائے گا۔

مینیجر ترجمان القرآن


© rasailojaraid.com